## خاندانی اورموروثی سیاست، سچی جمہوریت کی نفی ہے،الطاف حسین

## اگرمتحدہ موروثی سیاست پریقین رکھتی تو ایوانوں میں صرف الطاف حسین کے خاندان کے افراد منتخب ہوکر جاتے

## پکا قلعہ گراؤنڈ حیدرآباد اور ریلوے پھاٹک روڈ نواب شاہ میں انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب

لندن۔۔۔9فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ خاندانی اورموروثی سیاست، سچی جمہوریت کی نفی ہے اور جہاں سچی جمہوریت ہوگی وہاں موروثی اور خاندانی سیاست نہیں ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ملک کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کا طرز سیاست موروثی اور خاندانی ہے جبکہ متحدہ قومی موومنٹ، پاکستان کی واحد سچی جمہوریت پسند جماعت ہے اور موروثی سیاست پر یقین نہیں رکھتی۔یہ بات انہوں نے ہفتہ کو پکا قلعہ گراؤنڈ حیدرآباد اور نواب شاہ میں پھاٹک روڈ پر منعقد ہونے والے ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ان جلسوں میں ہزاروں افراد نے شرکت کی جن میں نوجوانوں کے ساتھ ساتھ خواتین اور بزرگ بھی شامل تھے۔اپنے خطاب میں الیکشن کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ 18 سال کی عمر کے تمام پاکستانیوں کا یہ قومی فرض ہے کہ وہ عام انتخابات میں اپنے ووٹ کا حق ضرور استعمال کریں اسی طریقے سے ملک میں جمہوری سوچ وفکر اور جمہوری عمل بہتر سے بہتر ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ نگراں وفاقی،صوبائی حکومتوں اور پاکستان کے تمام سیکورٹی کے اداروں کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ عام انتخابات کو غیر جانبدار، آزاد اور شفاف بنانے کیلئے ہرممکنہ اقدامات بروئے کار لائیں تاکہ عوام آزادی سے اپنی مرضی کے مطابق اپنی پسند کے امیدواروں کو ووٹ دے سکیں۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم، ملک کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ سے جنم لیا اور ایم کیوایم گزشتہ 32 برسوں سے غریب ومتوسط طبقہ کو انکے جائز حقوق دلانے کی جدوجہد کررہی ہے اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ کرپٹ سیاسی نظام ختم نہیں ہوجاتا اور ملک پر ملک وقوم سے سچی محبت کرنے والے غریب ومتوسط طبقہ کے تعلیم یافتہ اور ایماندار لوگوں کی حکمرانی قائم نہیں ہوجاتی ایم کیوایم کی جدوجہد جاری رہے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سچی جمہوریت میں شہریوں کی مالی حیثیت کے بجائے ان کی قابلیت اور صلاحیت کو دیکھا جاتا ہے۔سچی جمہوریت پر یقین رکھنے والی جماعتیں دوستی،رشتہ داری کی بنیاد پر الیکشن میں ٹکٹوں کی خرید وفروخت نہیں کرتیں بلکہ اپنی جماعت کے پڑھے لکھے ایماندار لوگوں کو امیدوار نامزد کرتی ہیں۔اگر کوئی فرد اس جماعت کے اصول وضوابط کی پابندی نہیں کرتا اور عوام کی خدمت نہیں کرتا تو وہ جماعت اس فرد کو اسکے عہدے سے ہٹا کر کسی اور اچھے اور ایماندار فرد کا انتخاب کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ صحیح اور سچی جمہوریت، بادشاہت کی طرح نہیں ہوتی جہاں بادشاہ کے مرنے کے بعد حکمرانی کا سلسلہ نسل درنسل جاری رہتا ہے۔خاندانی اور موروثی سیاست سچی جمہوریت کی نفی ہے اور جہاں سچی جمہوریت ہوگی وہاں خاندانی اور موروثی سیاست نہیں ہوگی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں یہ دعویٰ کرتی ہیں کہ وہ صحیح اور سچی جمہوریت پسند جماعت ہے لیکن ان جماعتوں کا طرز سیاست دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان جماعتوں کے لیڈروں میں ایک بھائی وزیراعظم ہے تو دوسرا بھائی وزیراعلیٰ ہے، بیٹا رکن قومی اسمبلی ہے تو بیٹی سینیٹر جبکہ بھانجے اور بھتیجے صوبائی اسمبلی کے رکن ہیں۔ایک ہی خاندان کے گرد پوری جمہوریت گھومتی ہے اور یہ جمہوریت نہیں بلکہ موروثی سیاست ہے جو بادشاہت کے نظام کی طرح ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صرف متحدہ قومی موومنٹ وہ واحد جماعت ہے جو خاندانی اور موروثی سیاست پر نہیں بلکہ میرٹ پر یقین رکھتی۔اگر ایم کیوایم بھی موروثی سیاست پر یقین رکھتی تو ایوانوں میں صرف الطاف حسین کے خاندان کے افراد منتخب ہوکر جاتے۔انہوں نے کہا کہ عام سندھی صدیوں سے حکمرانی کے حق سے محروم ہے لیکن سندھ سے تعلق رکھنے والی کسی بھی جماعت نے غریب سندھیوں کو قومی وصوبائی اسمبلی یا سینیٹ میں نہیں بھیجا جبکہ الطاف حسین سندھ دھرتی کا واحد بیٹا ہے جس نے عام سندھیوں کو حکمرانی کا موقع دیا۔ایم کیوایم کی عملیت پسندی کا ثبوت یہ ہے کہ اسکے پلیٹ فارم سے عام سندھی سینیٹر، قومی وصوبائی اسمبلی کا رکن، وزیر، مشیر اور مختلف شعبہ جات کے ذمہ دار ہیں۔ایم کیوایم نے لاڑکانہ سے مڈل کلاس طبقہ کے ایک ڈاکٹر کو سینیٹر بنایا جو ساری زندگی اپنی مالی حیثیت کی وجہ سے سینیٹر تو کجا اپنے علاقے کا ناظم تک نہیں بن سکتا تھا۔عزیزآباد اور کراچی کے دیگر علاقوں سے غریب سندھیوں کو منتخب کرایا جو اپنی مالی حیثیت کی وجہ سے قومی یا صوبائی اسمبلی کے رکن نہیں بن سکتے تھے۔اسی طرح ایم کیوایم کے جو اردو بولنے والے کارکنان 1987ء سے 2005ء تک قومی وصوبائی اور بلدیاتی ایوانوں کیلئے منتخب ہوتے چلے آرہے ہیں اگر وہ بھی کسی اور جماعت میں ہوتے تو انکی زندگی اپنے لیڈروں کے پوسٹرز لگانے اور جلسوں میں دریاں بچھانے میں گزر جاتی مگر وہ کسی بھی ایوان کے رکن نہیں بن سکتے تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم نے آج تک اپنے کسی بھی امیدوار کو پیسہ لیکر اسے کامیاب نہیں بنایا بلکہ جتنے بھی ارکان سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلیوں یا بلدیاتی ایوانوں کے رکن بنے انکے انتخابات کا خرچ پارٹی نے برداشت کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر غریب سندھی، ہاری، کسان اور مزدور اپنی زندگی بدلنا چاہتے ہیں تو وہ نام نہاد قوم پرستوں کی باتوں میں نہ آئیں اور سندھ کے مستقل باشندوں میں فرق نہ کریں کیونکہ ہمیں آپس میں متحد ہوکر سندھ کے حقوق کی جدوجہد کرنی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں نے گزشتہ پانچ برسوں کے دوران حتی المقدور عوام کی خدمت کرنے کی کوشش کی جسکے باعث کراچی میں

واضح ترقی نظر آرہی ہے۔جبکہ گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد نے میری درخواست پر پندرہ روزقبل حیدرآباد کا دورہ کر کے یقین دلایا ہے کہ حیدرآباد میں بھی ترقیاتی کام ہورہے ہیں اور چند ماہ میں جب حیدرآباد میں ترقیاتی کام مکمل ہوجائیں گے تو لوگ حیدرآباد کو پہچان نہیں سکیں گے۔اسی طرح اندرون سندھ کے کئی مقامات پربھی حق پرست نمائندوں نے ترقیاتی کام شروع کردیئے ہیں جنکے ثمرات کچھ عرصہ بعد اندرون سندھ کے عوام کونظرآنا شروع ہوجائیں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم سندھ بھرمیں سڑکوں کا جال بچھانا چاہتے ہیں،گھرگھرپانی،بجلی اورگیس کی سہولیات فراہم کرنا چاہتے ہیں،سندھ بھرمیں جگہ جگہ پارکس،کھیلوں کے میدان،اسکولوں اوراسپتالوں کا جال بچھانا چاہتے ہیں۔ایم کیوایم نہ خودسرکاری خزانہ کی چوری کرے گی اور نہ کسی حق پرست نمائندے کوعوام کے پیسےاورسرکاری خزانہ کی چوری کرنے دے گی اورترقیاتی فنڈ کی ایک ایک پائی ترقیاتی کاموں پرخرچ کی جائیگی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوئی تو قومی خزانہ لوٹنے والوں سے سارا پیسہ نکلوا کراس سے ملک بھرمیں غریبوں کیلئے اسکول،کالج،ٹیکنیکل ادارے،اسپتال قائم کئے جائیں گےاورغریبوں کوقرضے دیئے جائیں گے۔سندھ سمیت پاکستان بھرمیں کہیں بھی کسی کوکاروکاری کے نام پرقتل نہیں کیا جائے گااورکوئی بھی بچیوں کی شادی قرآن مجید سے نہیں کرسکے گا،گاؤں گوٹھوں میں بچیوں کی تعلیم کیلئے اسکول کھولے جائیں گے اورکسی کواسکی راہ میں رکاوٹ بننے نہیں دیا جائے گا۔جناب الطاف حسین نے حیدرآباداورنوابشاہ میں جلسوں میں موجودعوام کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مل جل کر پاکستان اورسندھ کی حفاظت کرنی ہے اورعوام کی خدمت کرنی ہے لیکن اس کیلئے ہمیں سچے لوگوں اورجھوٹوں میں تمیز کرنی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام کوآپس میں لڑانے کی سازشیں کرنے والے ناکام ہوگئے ہیں اورآج حیدرآباداورنوابشاہ میں ہر زبان اورہرمذہب سے تعلق رکھنے والے عوام ایک خاندان کی طرح ایک ساتھ بیٹھے ہیں۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ تمام زبانیں بولنے والےاورتمام مذاہب کے ماننے والے حق پرست عوام سندھ کے مستقل باشندوں کوآپس میں لڑانے کی سازشوں کوناکام بنائیں گے،انشاءاللہ فتح حق کی ہوگی،ملک پرغریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی ہوگی،عوام کے مسائل حل ہوں گے، امیرغریب کافرق ختم ہوگا، عزت اورانصاف سب کیلئے برابرہوگا، یکساں تعلیمی نظام ہوگا۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ ایم کیوایم کے منشورکوگھرگھرپہنچائیں۔جناب الطاف حسین نے شدیدسردی کے باوجودانتخابی جلسوں میں شرکت کرنے پرحیدرآباداورنوابشاہ کے عوام کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے جلسوں کے انتظامات کرنے والے کارکنوں کوبھی دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## جماعت اسلامی حیدرآباد کے امیر کے بڑے بھائی شیخ حاجی محمدعلی پورے خاندان سمیت ایم کیوایم میں شامل ہوگئے

## تحریک انصاف کے ضلعی صدرڈاکٹرصمد کا بھی ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

حیدرآباد۔۔۔9؍فروری 2008ء

جماعت اسلامی حیدرآباد کے امیرشیخ شوکت علی کے بڑے بھائی شیخ حاجی محمدعلی نے اپنے پورے خاندان سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔اس کے علاوہ تحریک انصاف کے ضلعی صدرڈاکٹرصمد نے بھی ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔اس بات کا اعلان انہوں نے آج پکا قلعہ گراؤنڈ حیدرآباد میں ایم کیوایم کے انتخابی جلسہ عام میں کیا۔شیخ حاجی محمدعلی کے ساتھ شیخ عثمان علی،شیخ عرفان علی،شیخ محسن علی،شیخ احمدعلی،شیخ عارف علی،شیخ فرقان علی،حافظ شیخ ارشان علی،شیخ احسن علی شیخ عمرعلی نے بھی ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کیا۔جناب الطاف حسین نے جماعت اسلامی اورتحریک انصاف کے رہنماؤں کی ایم کیوایم میں شمولیت کا زبردست خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کوثابت قدم رکھےاورآپ کواجرخیرعطا کرے۔جناب الطاف حسین نے سکھ اورہندوبرادری کی جانب سے انتخابات میں ایم کیوایم کی حمایت کا بھی خیرمقدم کیا۔

## الطاف حسین نے جلسوں سے اپنے خطاب کے دوران چارسدہ خودکش بم دھماکے پرافسوس کا اظہار کیا

لندن۔۔۔9؍فروری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے آج حیدرآباداورنوابشاہ میں انتخابی جلسوں سے بیک وقت خطاب کے دوران صوبہ سرحد کے شہرچارسدہ میں عوامی نیشنل پارٹی کے جلسہ عام میں ہونیوالے خودکش بم دھماکہ کا ذکرکیا۔انہوں نے بم دھماکہ کی شدیدمذمت کی اوراس میں کئی افراد کے جاں بحق ہونے پردلی افسوس کا اظہار کیا اورسانحہ پراے این پی کے رہنماؤں،کارکنوں اوربم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین سے تعزیت کی۔

## عوامی نیشنل پارٹی کے جلسہ میں خودکش بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے۔الطاف حسین
## سیاسی جماعتوں کے جلسوں اور جلوسوں میں سیکورٹی کے انتظامات مزید مؤثر بنائے جائیں۔حکومت سے مطالبہ
## بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین اور عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں وکارکنوں سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔ 9 فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے شہر چارسدہ میں عوامی نیشنل پارٹی کے جلسہ میں خودکش بم دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ واقعہ کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر پرویز مشرف،نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو اور نگراں وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ انتخابات کے پرامن انعقاد کیلئے ضروری ہے کہ سیاسی جماعتوں کے جلسوں اور جلوسوں میں سیکورٹی کے انتظامات مزید مؤثر بنائے جائیں،عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور بم دھماکوں اوردہشت گردی کے واقعات میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین اور عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں وکارکنوں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم کے تحت تاجروں اور صنعتکاروں کا اجتماع کل پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں منعقد ہوگا
## تقریب سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔9رفروری2008ء

الیکشن 2008ء کی انتخابی مہم کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کل بروز اتوار مورخہ 10 فروری 2008ء کو پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں صنعتکاروں، تاجروں اور کاروباری شخصیات کا اجتماع منعقد کیا جائے گا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔یہ تقریب رات 8 بجے منعقد ہوگی جس میں صنعتکاروں، تاجروں، کاروباری شخصیات کے علاوہ کراچی چیمبر آف کامرس، سائٹ انڈسٹریز ایسوسی ایشن، کورنگی انڈسٹریز ایسوسی ایشن، بزنس کمیونٹی کی دیگر تنظیموں کے نمائندوں اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شرکت کریں گے۔ایم کیوایم کی جانب سے بزنس کمیونٹی کے اجتماع اور جناب الطاف حسین کے خطاب کے انتظامات کو حتمی شکل دی جاچکی ہے۔

## ڈاکٹر چشتی مجاہد کا قتل پر رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی۔۔۔9رفروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کوئٹہ میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں معروف صحافی اور تجزیہ نگار ڈاکٹر چشتی مجاہد کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے صدر پرویز مشرف اور نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر چشتی مجاہد کے قتل کی فوری تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ڈاکٹر چشتی مجاہد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## میونسپل ایمپلائز یونین قمبر کے عہدیداران کی اسٹاف سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

قمبر۔۔۔9رفروری2008ء

میونسپل ایمپلائز یونین قمبر کے صدر عاشق میمن گوپانگ اور جنرل سیکریٹری معشوق علی ابڑو نے میونسپل اسٹاف کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ کے زونل انچارج عبدالخالق چانڈیو اور زونل کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کے موقع پر کیا۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی عوامی خدمات اور ترقیاتی منصوبے ملک بھر کے عوام کے سامنے ہیں اور جو سیاسی ومذہبی جماعتیں ایم کیوایم

کے خلاف منفی پروپیگنڈے کررہی ہیں وہ مظلوم عوام میں شعوری بیداری کے عمل سے خوفزدہ ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم قمر شہدادکوٹ زونل کمیٹی کے انچارج وارا کین نے میونسپل ایمپلائیز یونین کے عہدیداران کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا خیر مقدم کیا۔

## آئندہ انتخابات میں خواتین کوکلیدی کردارادا کرنا ہوگا،ڈاکٹر فاروق ستار

## شومارکیٹ میں منعقدہ خواتین کی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی ۔۔۔9فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی کے حلقہ 249 کی نشست کے حق پرست امیدوار ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف ہر آزمائش کی گھڑی میں حق پرست خواتین کا جرات مندانہ کردار فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گارڈن کے علاقے شو مارکیٹ میں منعقدہ خواتین کی ایک بڑی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگ سے حق پرست امیدوار برائے پی ایس 111 طاہر قریشی اور برائے پی ایس 110 شعیب ابراہیم نے بھی خطاب کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو ایسی حق پرست خواتین پر ناز ہے جنہوں نے جبر اور ظلم کے حالات میں بھی اپنی ذمہ داریاں نبھائیں اور تحریکی جدوجہد میں آنے والے ہر نازک موڑ پر انہوں نے مردوں کے شانہ بشانہ کام اپنا کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ پھر حق پرست خواتین پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے اور انہیں آئندہ عام انتخابات میں اپنا اہم اور کلیدی ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حق پرست خواتین سے اپیل کی کہ وہ گھر گھر جا کر دیگر خواتین کو آئندہ عام انتخابات کی اہمیت وافادیت سے آگاہ کریں۔

## جب تک عوام کواختیارات نہیں ملیں گے ملک کی ترقی وخوشحالی کویقینی نہیں بنایا جاسکتا،انور عالم

## فیڈرل بی ایریا کے علاقے یوسف پلازہ میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی ۔۔۔9فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج وحق پرست امیدوار برائے پی ایس 106 انور عالم نے کہا ہے کہ ملک بھر کے 98 فیصد عوام کو جب تک اختیارات نہیں مل جاتے اس وقت تک ملک کی ترقی وخوشحالی کو یقینی نہیں بنایا جاسکتا۔یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں فیڈل بی ایریا کے علاقے یوسف پلازہ میں منعقدہ بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع سے حق پرست امیدوار برائے این اے 244 شیخ صلاح الدین اور برائے پی ایس 102 امام الدین شہزاد نے بھی خطاب کیا۔اپنے خطاب میں انور عالم نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں جیت اسی جماعت کی ہوگی جو عوامی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ پانچ سالہ دور میں حق پرست قیادت کی کارکردگی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں اور انشاءاللہ عوام حق پرست امیدواروں کو ایک مرتبہ پھر ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں گے تاکہ سندھ بالخصوص کراچی کی ترقی کا سفر جاری رہے۔انور عالم نے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ 18،فروری کو اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال لازمی کریں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## 18فروری کوحق پرستی کاسورج آب وتاب کے ساتھ طلوع ہوگا،عبدالحسیب،خواجہ سہیل منصور

## پاک کالونی کے علاقوں آصف کالونی،حسرت موہانی کالونی اورسائٹ ایریا میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی ۔۔۔9فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست امیدوار برائے پی ایس 92 عبدالحسیب نے کہا ہے کہ 18 فروری کے دن حق پرستی کا سورج اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ طلوع ہوگا اور عوام حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں اپنے حلقہ انتخاب حسرت موہانی کالونی، آصف کالونی اور سائٹ ایریا میں منعقدہ بڑے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماعات میں نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے والہانہ جوش وخروش کا اظہار کیا۔اس موقع پر این اے 240 کے حق پرست امیدوار خواجہ سہیل منصور بھی موجود تھے۔اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے عبدالحسیب نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر کے عوام کو برابری کی بنیاد پر حقوق ملیں۔انہوں نے کہا کہ ملک پر

رائج فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے باعث غریب و متوسط طبقے کے افراد اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے بنیادی مسائل حل نہیں ہوسکتے۔ حق پرست امیدوار خواجہ سہیل منصور سے انتخابی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ظلم و ستم اور ناانصافی کے فرسودہ نظام کو بدلنا چاہتی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18، فروری کے دن حق پرست امیدواروں پر اعتماد کا اظہار کرکے ظلم و ستم اور ناانصافیوں کے نظام پر کاری ضرب لگائیں۔

## عوام، نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کا بوریا بستر گول کردیں گے، سید سردار احمد
## گلشن اقبال اور سوسائٹی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں کے شرکاء سے خطاب

کراچی۔۔۔9 فروری 2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ 116 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار سید سردار احمد نے کہا ہے کہ ملک بھر میں متحدہ قومی موومنٹ کا پیغام تیزی سے فروغ پارہا ہے اور انشاءاللہ آئندہ عام انتخابات میں عوام حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنا کر نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کا بوریا بستر گول کردیں گے۔ گلشن اقبال اور سوسائٹی میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے مظلوم عوام جان چکے ہیں کہ کون سی سیاسی و مذہبی جماعتیں ملک و قوم سے مخلص ہیں اور کونسی جماعتیں گزشتہ 60 برس سے ملک بھر کے عوام کو بیوقوف بنا کر ملکی دولت کی لوٹ مار کرتی رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہے غریب و متوسط طبقہ کی واحد نمائندہ جماعت ہے اسی وجہ سے ملک و قوم کو لوٹنے والے جاگیردار اور وڈیرے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف نت نئی سازشیں کررہے ہیں تاکہ ایم کیو ایم کا پیغام ملک بھر کے عوام میں پھیلنے سے روکا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت اور حق پرستانہ جدوجہد کے باعث ملک بھر کے عوام میں شعوری بیداری کا آغاز ہوچکا ہے اور انشاءاللہ آئندہ عام انتخابات میں عوام حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔

## غریب و متوسط طبقے کی قیادت ملک کو ترقی کی راہ پر ڈال سکتی ہے، فیصل سبزواری

کراچی۔۔۔9 فروری 2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ 126 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار فیصل سبزواری نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور اب صرف غریب و متوسط طبقہ کی قیادت ہی ملک کو اس بحران سے نکال کر ترقی کی راہ پر ڈال سکتی ہے۔ گلستان جوہر اور اسکیم 33 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات ملک کی تاریخ کے اہم نوعیت کے حامل ہیں اور اس انتخابی عمل ملک بھر عوام کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ فرسودہ نظام کی تبدیلی چاہتے ہیں یا نہیں۔ فیصل سبزواری نے کہا کہ گزشتہ 60 برس سے نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے عوام کی طاقت سے اقتدار حاصل کیا لیکن عوام مسائل حل کرنے کے بجائے قومی دولت کی لوٹ مار پر توجہ دی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنا کر مفاد پرست سیاسی و مذہبی جماعتوں کو مسترد کردیں۔

## فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی، شیخ صلاح الدین

کراچی۔۔۔9 فروری 2008ء

قومی اسمبلی کے حلقہ 244 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار شیخ صلاح الدین نے کہا ہے کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارنہ اور وڈیرانہ نظام کے خاتمہ تک ایم کیو ایم کی پرامن جدوجہد جاری رہے گی۔ یہ بات انہوں نے نارتھ کراچی سیکٹر K-11 ہارون ہائٹس میں منعقدہ ایک بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ کارنر میٹنگ میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شیخ صلاح الدین نے اپنے خطاب میں کہا کہ کراچی کی سٹی گورنمنٹ نے شہر میں ترقیاتی و تعمیراتی منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچا کر کراچی کا نقشہ تبدیل کردیا ہے اور ثابت کردیا ہے کہ حق پرست عوامی نمائندے پلاٹ پرمٹ اور بنکوں سے قرضوں کی سیاست کے بجائے عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے شہر کا امن تباہ کرنے کی سازشیں کررہیں ہیں وہ سندھ بالخصوص کراچی کے عوام کے کھلے دشمن ہیں۔

## حق پرست نمائندے عوام سے ہیں اور عوام کے درمیان رہتے ہیں
## محترمہ خوش بخت شجاعت، سید سردار احمد اور ڈاکٹر صغیر احمد کی عوامی رابطہ مہم کے موقع پر گفتگو

کراچی۔۔۔9فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 250 محترمہ خوش بخت شجاعت نے ڈولی کھاتہ، حق پرست امیدوار برائے پی ایس 116 سید سردار احمد نے منو گوٹھ ،سینٹرل جیل اور جمشید روڈ جبکہ حق پرست امیدوار برائے پی ایس 117 ڈاکٹر صغیر احمد نے اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے سندھی پاڑہ، جہانگیر روڈ، پیر کالونی اور تین ہٹی میں گھر گھر جا کر عوام سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر عوام سے گفتگو کرتے ہوئے حق پرست امیدواران نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست نمائندے عوام سے ہیں اور ہمیشہ عوام کے درمیان رہتے ہیں جبکہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے نمائندے انتخابات کے موقع پر تو اپنے علاقوں میں دکھائی دیتے ہیں اور عوام کے ووٹوں سے کامیاب ہونے کے بعد غریب عوام سے بات تک کرنا گوارا نہیں کرتے۔ حق پرست امیدواروں نے کہا کہ حق پرست نمائندے ماضی کی طرح آئندہ بھی عوام کی عملی خدمت کی روایت برقرار رکھے گی اور آئندہ انتخابات میں منتخب ہونے کے بعد عوام کی عملی خدمت کے نت نئے ریکارڈ قائم کرے گی۔

## ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے زیر اہتمام انتخابی مہم کے سلسلے میں پانچ مقامات پر پتنگ میلہ کا انعقاد
## پتنگ میلے میں نوجوانوں، خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔9/فروری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ ملیر سیکٹر کے زیر اہتمام انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں گزشتہ روز ملیر کے 5 مقامات پر پتنگ میلے کا انعقاد کیا گیا۔یہ پتنگ میلے محمدی گراؤنڈ، قائد پارک، جناح اسکوائر، شہید چوک اور آر سی ڈی گراؤنڈ میں منعقد کئے گئے تھے جن میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پتنگ میلے کی تقریبات میں خواتین اور بچوں نے خصوصی دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔اس موقع پر بچوں کی تفریح کیلئے مختلف شوز، پارٹی فیس کلر اور میجک شو کا بھی اہتمام کیا گیا جبکہ ورائٹی شو بھی منعقد کیا گیا جس میں مختلف فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا اور میلے کے شرکاء سے داد وصول کی۔ پتنگ میلے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف، حق پرست امیدواران ساجد احمد اور وسیم احمد نے بھی شرکت کی اور بچوں میں چاکلیٹ، مٹھائی اور ایم کیو ایم کے پرچموں کے رنگ پر مشتمل پتنگیں تقسیم کی اور بچوں کے ہمراہ ملکر پتنگیں بھی اڑائیں۔

## اورنگی ٹاؤن یوسی 8 کی حق پرست جنرل کونسلر محترمہ سیما پروین علالت کے باعث انتقال کر گئیں
## الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9فروری2008ء

اورنگی ٹاؤن یوسی 8 کی حق پرست جنرل کونسلر محترمہ سیما پروین علالت کے باعث انتقال کر گئیں(انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔مرحومہ کی عمر 28 سال تھی وہ یرقان کے موذی مرض میں مبتلا تھی جس کے باعث وہ لیاقت نیشنل اسپتال میں زیر علاج تھیں۔گزشتہ روز ان کی طبیعت اچانک بگڑ گئی اور ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکیں۔مرحومہ کے سوگواران والدہ، 2 بھائی اور 5 بہنیں شامل ہیں۔محترمہ سیما پروین مرحومہ کو قصبہ کالونی کے پراچہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ٹاؤن ناظم اظہار احمد، حق پرست یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز، ایم کیو ایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سیما پروین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) علاوہ ازیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے محترمہ سیما پروین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

☆☆☆☆☆